Test # 1 Time: 1:25 Hour	**Urdu** **Class–10th**	Dated: _____/_____/_____

Student Name		**Roll No**			-			-					**Marks: 40**

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(8x1=8)**

1 تقسیم بنگال کی تنسیخ کب ہوئی؟ (A) ۱۹۰۵ء (B) ۱۹۰۶ء (C) ۱۹۱۰ء (D) ۱۹۱۱ء

2 لفظ "داتا" کے معنی ہیں: (A) پیدا کرنے والا (B) نگہبان (C) روزی دینے والا (D) مہربان

3 اکیلے با معنی لفظ کو کہتے ہیں۔ (A) کلمہ (B) کلام (C) لفظ مہمل (D) حرف

4 "مانند" کا شمار ------ میں ہوتا ہے۔ (A) حرف تنقیص (B) حرف تشبیہ (C) حرف تنکیر (D) حرف ندا

5 رنگنا سے "رنگائی" قواعد کی رُو سے ہے۔ (A) حاصلِ مصدر (B) اسمِ معاوضہ (C) اسمِ حالیہ (D) اسمِ تصغیر

6 خواتین کا درست تلفظ ہے۔ (A) خَوَاتِیْن (B) خَوَاتَیْن (C) خِوَاتِیْن (D) خُوَاتَبْن

7 درست تلفظ ہے: (A) مسَجِدْ (B) مسْجِدْ (C) مسَجِدْ (D) مسْجَدْ

2- درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

1 بَشَر کوفطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے ..... محمد مصطفی کے نام پر شَیدا کیا جس نے

3- درج ذیل غزل کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

4- درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ **(4x2=8)**

(i) مسلم لیگ کہاں قائم ہوئی؟ (ii) علامہ اقبالؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

(i) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

5-درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔(5)

۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی میں مسلمانوں نے پھر اپنے قدم جمانے کی کوشش کی لیکن انگریزی اقتدار مستحکم ہوچکا تھا، اس لیے انھیں کامیابی نہ ہوسکی۔ اس زمانے میں سرسید نے مجبوراً انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا اور مسلمان قوم کی اخلاقی اورتہذیبی اصلاح پر توجہ دی اوران کے دلوں سے احساسِ کمتری کودور کرنے کی کوشش بھی کی۔

یا- درج ذیل سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5x1=5) نظریہ پاکستان

6- درج ذیل عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15) طالب علم کے فرائض

یا مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

قائدِ اعظم ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلافِ قانون اقدامات کے مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے ، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اورسلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:

(i)۔ قائدِ اعظم کس قسم کے انسان تھے؟ (ii)۔ قائدِ اعظم کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟ (iii)۔قائدِ اعظم کا عظیم کارنامہ کون سا تھا؟ (iv)۔ہندوستان کے وائسرایوں نے قائدِ اعظم کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟ (v)۔ اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔

some4best.com

MCQs Ans Key

Q:1 (D) Q:2 (C) Q:3 (A) Q:4 (B) Q:5 (B) Q:6 (A)
Q:7 (B)

some4best.com

Test # 2 Time: 1:25 Hour	**Urdu** **Class–10th**	Dated: _____/_____/_____

Student Name		**Roll No**			-			-				**Marks: 40**

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (8x1=8)

1 مصنف کے دوست شاکر خان کس موضع کے رئیس تھے: (A) سلیم پور (B) جے پور (C) شاہ پور (D) دُنیا پور

2 اب کس بات کا یقین ہو گیا ہے؟ (A) دنیا کی کامیابی کا (B) آخرت کی کامیابی کا (C) انسان کے عرفان کا (D) دکھوں سے نجات کا

3 اکیلے با معنی لفظ کو کہتے ہیں۔ (A) کلمہ (B) کلام (C) لفظ مہمل (D) حرف

4 موسیٰ کلیم اللہ گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ (A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کنیت

5 گرائمر کی رو سے ''قائد ملت'' ہے۔ (A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کُنیت

6 درست اعراب کی نشان دہی کیجئے۔ (A) حَلاْلُ (B) حَلالُ (C) حِلاَل (D) حُلالُ

7 تلاوت کا درست تلفظ ہے: (A) تِلاوَتْ (B) تَلاوَتْ (C) تَلاوَتَ (D) تَلاوتَ

2- درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ (2x1=2)

1 زمانے کو اب اپنی منزل مبارک ..... کہ اک خضرِ صد رہ گزار آ گیا ہے

3- درج ذیل غزل کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ (2x1=2)

4- درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (4x2=8)

(i) سجاد حیدر یلدرم کس صوبے سے تعلق رکھتے تھے؟ (ii) مصنف نے اپنا لکھا ہوا مضمون کیوں پھاڑ ڈالا؟

(i) نظم ''نعت'' میں شاعر نے زمانے کو کس بات کی مبارک دی ہے؟

5-درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔(5)

میں نے ذرا تفصیل سے ان کا حال بیان کیاہے، مگر یہ خیال نہ کرنا کہ یہیں اُن اَحباب کی فہرست ختم ہوگئی، جن میں سے رخصت طلب کرسکتاہوں۔نہیں ، ابھی بہت سے باقی ہیں مثلاً ایک صاحب ہیں، جو مجھ سے کبھی نہیں ملتے مگر جب آتے ہیں، میں ان کامطلب سمجھ جاتاہوں۔ یہ حضر ت ہمیشہ قرض مانگنے کے لیے آتے ہیں۔ ایک صاحب ہیں، جوہمیشہ ایسے وقت میں آتے ہیں جب میں باہر جانے والاہوتاہوں۔۔

یا- درج ذیل سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5x1=5) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

6- درج ذیل عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15) وقت کی پابندی

یا مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ جہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جاکر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے اولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں؟ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ۔جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

(i)۔کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟ (ii)۔جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ (iii)۔''وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے'' کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟ (iv)۔وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟ وہ لوگ جاڑے میں کیا اوڑھتے تھے؟ (v)۔جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

some4best.com

MCQs Ans Key

Q:1 (A) Q:2 (C) Q:3 (A) Q:4 (B) Q:5 (B) Q:6 (B)
Q:7 (C)

some4best.com

Test # 3 Time: 1:25 Hour	**Urdu** **Class–10th**	Dated: _____/_____/_____

Student Name			**Roll No**			-			-					**Marks: 40**

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(8x1=8)**

1 افسانہ ''ملمع'' میں نوجوان کس سے الوداعی مصافحہ کر رہا تھا؟ (A) ایک نوجوان سے (B) بوڑھے سے (C) آدمی سے (D) لڑکے سے

2 نظم ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' میں سب کے دل سرد تھے۔ (A) مایوسی سے (B) ٹھنڈ سے (C) خوف سے (D) زیست سے

3 غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔ (A) مطلع (B) ردیف (C) مقطع (D) قافیہ

4 غزل کے آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کہتے ہیں۔ (A) مقطع (B) مطلع (C) ردیف (D) بحر

5 ''شفاخانہ'' گرائمر کی رُو سے ہے۔ (A) ظرف زماں (B) ظرف مکاں (C) اسم آلہ (D) اسم اشارہ

6 مشاعر ہ کا درست تلفظ ہے: (A) مشَاعَرَہ (B) مشَاعْرہ (C) مشَاعَرَۂ (D) مشُاعْرہ

7 '' خلط ملط '' کا درست تلفظ کون سا ہے؟ (A) خَلْط مَلْط (B) خَلَط مَلَط (C) خَلِط مَلِط (D) خُلْط مُلْط

2- درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

1 گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر ..... بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

3- درج ذیل غزل کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

4- درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ **(4x2=8)**

(i) افسانہ ''ملمع'' کی مصنفہ ہاجرہ مسرور کےافسانوں کی کلیات کا کیا نام ہے؟ (ii) افسانہ ''ملمع'' میں لڑکی کس موسم میں سفر کر رہی تھی؟

(i) شاعری میں امیر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

some4best.com

5-درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔(5)

لڑکی نے ایک سخت تنقیدی نگاہ اس سوکھی مونڈی بڑھیا پرڈالی اورپھردل ہی دل میں اس خشک ساتھ پر افسوس کرنے لگی۔ کاش اس پوکھر کے پانی کی طرح ساکت بڑھیا کے بجائے کوئی سمندر کی سی بے چین نوجوان لڑکی یہاں ہوتی ، جو اس کے ریشمی سیاہ برقعے میں دہکتے ہوئے چہرے کو رشک سے دیکھتی۔

یا- درج ذیل سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5x1=5) ملمع

6- درج ذیل عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15) والدین کا احترام / ماں باپ کے ساتھ سلوک

یا مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں' آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعائیں پاکستان ہندوستان ، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:

(i)۔زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟ (ii)۔عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟(iii)۔آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھئے؟(iv)۔دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟(v)۔ہماری قوم زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

MCQs Ans Key

Q:1 (C) Q:2 (D) Q:3 (C) Q:4 (A) Q:5 (B) Q:6 (C)
Q:7 (A)

some4best.com

Test # 5 Time: 1:25 Hour	**Urdu** **Class–10th**	Dated: _____/_____/_____

Student Name		**Roll No**			-			-				**Marks: 40**

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(8x1=8)**

1 سبق ''چغل خور'' میں کوئی چغل خور یہ نہیں مانتا کہ وہ: (A) کام چور ہے (B) باغی ہے (C) چُغل خور ہے (D) گناہ گار ہے

2 فاطمہ اُمت مرحوم کی کیا ہیں؟ (A) آزاد (B) آبرو (C) آن بان (D) یاد

3 دھوبی گرائمر کے لحاظ سے کیا ہے؟ (A) اسم معرفہ (B) اسم جامد (C) اسم فاعل (D) اسم مفعول

4 چندا گرائمر کی رو سے ہے۔ (A) اسم صفت (B) اسم ذات (C) اسم عرف (D) اسم ضمیر

5 اسم کی بناوٹ کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں؟ (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

6 درست تلفظ والا لفظ ہے۔ (A) صَبْر (B) صَبَرْ (C) صَبُرْ (D) صَبِرْ

7 '' ترنم '' کا درست تلفظ ہے۔ (A) تَرَنَّمِ (B) تَرَنَّمْ (C) تَرَنُّم (D) تُرَنُّم

2- درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

1 اپنے صحرا میں بہت آہُو ابھی پوشیدہ ہیں ..... بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

3- درج ذیل غزل کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

4- درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ **(4x2=8)**

(i) سبق ''چغل خور'' کے مصنف شفیع عقیل نے کراچی جاکر کون سا پیشہ اختیار کیا؟ (ii) چغل خور اپنا گاؤں چھوڑ کر دوسرے گاؤں کیوں گیا؟

(i) نظم ''فاطمہ بنتِ عبداللہ'' میں مشت خاک کا ذرہ ذرہ کیسا ہے؟

some4best.com

5-درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔(5)

اس کے بعد وہ سب ایک دوسرے پر پِل پڑے۔ وہ سر پھٹوّل ہوئی وہ لاٹھیاں چلیں کہ سب خون میں نہا گئے۔ آخر ارد گرد کے کھیتوں میں کام کرنے والے دوسرے لوگ بھاگ کر آئے اور انہوں نے بیچ بچاؤ کرا کے انہیں ایک دوسرے سے الگ کیا۔ پھر جب ان سب کا غصہ قدرے کم ہوا تو ان سے لوگوں نے پوچھا: ''تم لوگ اس طرح کیوں لڑ رہے تھے؟''

یا- درج ذیل سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5x1=5) چغل خور

6- درج ذیل عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15) یوم آزادی

یا مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے۔ اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی نعمانی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں۔ ان کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیرِ ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے ، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ برکھارت، حبِ وطن، نشاطِ امید اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجئے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریر کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

سوالات:

(i)اس عبار ت کا عنوان تحریر کیجئے۔(ii)۔اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں؟(iii)۔ولانا کس عیب سے بری تھے؟(iv)۔جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟(v)۔نثار کے معنی لکھئے۔

MCQs Ans Key

Q:1 (C) Q:2 (B) Q:3 (C) Q:4 (C) Q:5 (C) Q:6 (A)
Q:7 (A)

some4best.com

Test # 6 Time: 1:25 Hour	Urdu Class–10th	Dated: _____/_____/_____

Student Name		Roll No			-			-				Marks: 40

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(8x1=8)**

1 سبق ''نام دیو'' کے مطابق درجہ کمال تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے: (A) جدوجہد (B) صلاحیت (C) خوش بختی (D) وسائل کا ہونا

2 اسم معرفہ کی قسمیں ہیں۔ (A) دو (B) چار (C) چار (D) پانچ

3 غزل ''حسرت موہانی'' میں ------ بارگاہِ عطا کا۔ (A) عاجز (B) بے بس (C) درماندہ (D) گناہ گار

4 ---------- اسم آلہ کی پہچان ہے۔ (A) اینٹ (B) روشن دان (C) ماہ (D) چُھری

5 شاعر مشرق گرائمر کی رو سے ہے۔ (A) اسم عام (B) اسم علم (C) اسم مصغر (D) خطاب

6 وہ اسم جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے: (A) اسم مصدر (B) اسم جامد (C) اسم مشق (D) اسم معاوضہ

7 عَمَل کا درست تلفظ ہے۔ (A) عَمَلِ (B) عَمَلِ (C) عُمَلِ (D) عُمَلِ

8 مفتاح کا درست تلفظ ہے. (A) مَفْتَاح (B) مُفْتَاح (C) مِفْتَاح (D) مِفْتَاح

2- درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کیجیے۔ **(2x1=2)**

3- درج ذیل غزل کے شعر کی تشریح کیجیے۔ **(2x1=2)**

1 مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے ..... تری آرزو رونما ہو گئی ہے

4- درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ **(4x2=8)**

(i) سبق ''نام دیو مالی'' کے مصنف مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو کے کس عہدے پر فائز رہے؟ (ii) سبق ''نام دیو مالی'' کا ماخذ کیا ہے؟

(i) غزل ''حسرت موہانی'' میں بادِ صر صر سے کیا مراد ہے؟

5-درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔(5)

ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے، اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے۔ لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

یا- درج ذیل سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5x1=5) نام دیو مالی

6- درج ذیل عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15) علامہ محمد اقبالؒ / شاعر مشرق

یا مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لاالہ الا اللہ محمد رَسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا چین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستانِ میں وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و اٰلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i)۔اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟(ii)۔کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟(iii)۔اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟(iv)۔کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟(v) ۔ اس عبارت کا عنوان لکھئے۔

some4best.com

MCQs Ans Key

Q:1 (A)	Q:2 (B)	Q:3 (C)	Q:4 (D)	Q:5 (D)	Q:6 (B)
Q:7 (A)	Q:8 (D)				

some4best.com

Test # 7 Time: 1:25 Hour	**Urdu** **Class–10th**	Dated: _____/_____/_____

Student Name			**Roll No**			-			-					**Marks: 40**

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(8x1=8)**

1 سبق ''علی بخش'' میں بار بار لاہور کیسے چھوڑوں؟ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کا نقصان ہوتا ہے: (A) علامہ اقبالؒ (B) جاوید (C) زبیر (D) گھر

2 اسم معرفہ کی قسمیں ہیں۔ (A) دو (B) چار (C) چار (D) پانچ

3 غزل''جگر مراد آبادی'' میں ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے: (A) جو لاپروا ہے (B) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا (C) جو کبھی کبھار ملتا ہے

(D) جو ملنے سے گریزاں ہو

4 حالی گرائمر کی رو سے ہے۔ (A) خطاب (B) لقب (C) کنیت (D) تخلص

5 جو حروف کسی وجہ سے یا سبب کو ظاہر کریں کہلاتے ہیں۔ (A) حروف اضافت (B) حروف علت (C) حروف تشبیہ (D) حروف عطف

6 گرائمر کی رو سے ''قائدِ ملت'' ہے۔ (A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) کُنیت

7 درست لفظ بمطابق اعراب : (A) طَالَبْ (B) طَالِب (C) طَالُبْ (D) طَالِبْ

8 لفظ ''استعداد'' درست اعراب ہیں۔ (A) اِسْتَعْدَادْ (B) اَسْتَعْدَادْ (C) اَسْتَعِدَادْ (D) اُسْتَعِدَادْ

2- درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

3- درج ذیل غزل کے شعر کی تشریح کیجیئے۔ **(2x1=2)**

1 آدمی آدمی سے ملتا ہے ..... دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

some4best.com

4- درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ **(4x2=8)**

(i) سبق ''علی بخش'' کے مصنف قدرت اللہ شہاب کس شہر میں ڈپٹی کمشنر رہے؟

(ii) سبق ''علی بخش'' میں کپتان مہابت خان نے علی بخش کو کہاں لے کر جانے کا وعدہ کیا؟

(i) جگر مراد آبادی کی غزل کا مطلع کون سا ہے؟

5-درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔(5)

میری توقع پوری ہوتی ہے اور تھوڑی سی پریشان کن خاموشی کے بعد علی بخش مجھے یوں گھورنے لگتا ہے کہ یہ عجیب شخص ہے جو ڈاکٹر صاحب کی کوئی بات نہیں کرتا۔ آخر اس سے رہا نہ گیا اور ایک سینما کے سامنے بھیڑ بھاڑ دیکھ کر وہ بڑ بڑانے لگا: ''مسجدوں کے سامنے تو کبھی ایسا رش نظرنہیں آتا۔ ڈاکٹر صاحب بھی یہی کہا کرتے تھے۔''

یا- درج ذیل سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (5x1=5) علی بخش

6- درج ذیل عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15) آبِ زم زم

یا مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ (10)

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے ۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفر نامے، تاریخ اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:

(i)۔کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟(ii)۔بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟(iii)۔خراب کتابیں پڑھنے سے کیانقصان ہوتا ہے؟(iv)۔طالب علم کیلئے کون سی کتابیں مفید ہیں؟(v)۔اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔

MCQs Ans Key

Q:1 (B)	Q:2 (B)	Q:3 (B)	Q:4 (D)	Q:5 (B)	Q:6 (B)
Q:7 (D)	Q:8 (A)				

some4best.com